2025-06-23

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی اہم خبریں

-----------------------------------------------------

1- اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے ایران کی نیوکلیائی تنصیبات پر امریکی فوجی حملوں کے بعد مغربی ایشیا کے بحران کی شدت کو ختم کرنے کیلئے فوری کارروائی پر زور دیا ہے۔

2- ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی، روس کے صدر ولادیمیر پوتن کے ساتھ بات چیت کیلئے ماسکو پہنچ گئے ہیں۔

3- آپریشن سِندھو کے تحت 1800 سے زیادہ بھارتی باشندوں کو ایران اور اسرائیل سے نکالا جاچکا ہے۔

4- چار ریاستوں میں پانچ اسمبلی سیٹوں کیلئے کرائے گئے ضمنی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی شروع ہوگئی ہے۔

5- اور تھائی لینڈ میں، ایشین پیرا بیڈمنٹن چمپئن شپ میں، بھارت نے ابھی تک کی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیاہے۔ اُس نے 27 تمغے جیتے ہیں۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

UNSC EMERGENCY MEET

اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے نیویارک میں اقوام متحدہ کے صدر دفتر میں سلامتی کونسل کے ایک ہنگامی خصوصی اجلاس کے دوران امن کی اپیل کی ہے۔ اپنی اِس جذباتی اپیل میں انہوں نے اسلامی جمہوریہ ایران کی نیوکلیائی تنصیبات پر امریکہ کی طرف سے کیے گئے فوجی حملوں کے بعد ایران میں بحران کی شدت کو کم کرنے کیلئے فوری کارروائی کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ جوابی کارروائی اور خطے میں لڑائی میں تیزی آجانے کے خطرے کو روکنے کی فوری کوششوں کی اپیل کرتے ہوئے جناب گوتریس نے کہاکہ ہم امن کو ترک نہیں کرسکتے اور کرنا بھی نہیں چاہیے۔

اجلاس سے خطاب کے دوران بین الاقوامی امن وسلامتی کو درپیش خطرے کا ذکر کرتے ہوئے انہوں نے خبردار کیا کہ ایران پر امریکی حملہ ایک خطرناک موڑ ہے، جس سے خطے میں صورتحال اور بھی ابتر ہوجائے گی۔

انہوں نے جوابی کارروائی کے جواب میں کی جانے والی امکانی کارروائی کے سنگین نتائج کا ذکر کرتے ہوئے فوجی کارروائی کی مذمت کی اور شہریوں کی حفاظت، نیز سمندر میں محفوظ طریقے سے آنے جانے کی یقین دہانی کی ضرورت پر زور دیا۔

سلامتی کونسل کی یہ ہنگامی میٹنگ ایک قرارداد کی تجویز کیلئے روس، چین اور پاکستان نے منعقد کی تھی، جس میں  ایک فوری اور بلا شرط جنگ بندی کی مانگ کی گئی ہے۔

کونسل میں ایران کے نمائندہ عامر سعید ایراوانی نے کہاکہ ایران کو یہ حق حاصل ہے کہ وہ امریکہ کی اندھا دھند جارحیت سے اپنا دفاع کرے۔

اقوام متحدہ میں اسرائیل کے ایلچی Danny Danon نے کہاکہ امریکہ کے حملوں کی وجہ سے، دنیا محفوظ جگہ بن گئی ہے۔ انہوں نے اِن حملوں کی مذمت کیے جانے کو مسترد کردیا۔

روس کے سفیر Vasily Nebenzya نے کہاکہ امریکہ نے اپنا پٹارہ کھول دیا ہے اور یہ واضح ہوگیا ہے کہ وہ سفارتی کوششوں میں کوئی دلچسپی نہیں رکھتا۔

اقوام متحدہ میں امریکہ کی سفیر Dorothy Shea نے کہاکہ ایران کو چاہیے کہ وہ مشتعل نہ ہو اور امریکیوں یا امریکی ٹھکانوں پر کسی بھی حملے کا، خواہ وہ براہ راست ہو یا بالواسطہ، تباہ کن جواب دیا جائے گا۔ x

## IRAN FM RUSSIA

ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی آج بات چیت کیلئے ماسکو پہنچ گئے ہیں۔ وہ امریکہ کی طرف سے کی گئی فوجی جارحیت کے بعد علاقائی اور بین الاقوامی حالات و واقعات پر، روس کے صدر ولادیمیر پوتن اور دیگر سینئر افسران کے ساتھ صلاح مشورہ کریں گے۔

گل ترکیہ کی راجدھانی استنبول میں منعقدہ ایک پریس کانفرنس میں ایک سوال کے جواب میں جناب عراقچی نے کہاکہ دونوں ملکوں کے درمیان دفاعی شراکت داری ہے اور وہ ہمیشہ ایک دوسرے سے صلاح مشورہ کرتے ہیں اور تال میل رکھتے ہیں۔ x

## VANCE IRAN ISRAEL CONFLICT

امریکہ کے نائب صدر JD Vance نے آج اعلان کیا ہے کہ اُن کے ملک نے ایران کے ساتھ جنگ نہیں لڑی ہے البتہ وہ اُس کے نیوکلیائی پروگرام کے خلاف ہے۔ انہوں نے اپنے اِس اعلان سے سفارت کا راستہ کھلا رکھاہے۔

آپریشن مِڈ نائٹ ہیمر کے بعد، جس میں تین نیوکلیائی تنصیبات پر حملہ کیا گیا ہے، وانس نے اظہار خیال کرتے ہوئے امریکی ٹیلیویژن نیٹ ورک کو بتایاکہ وہ سمجھتے ہیں کہ  صدر نے گل رات یہ فیصلہ کُن کارروائی اِس پروگرام کو تباہ کرنے کیلئے کی ہے۔

## IRAN PARLIAMENT DECISION

ایران کی پارلیمنٹ نے آبنائے ہُرمُز کو بند کرنے کی ایک ڈرامائی تجویز کو، متفقہ طور پر منظوری دے دی ہے۔ یہ نہر تیل اور گیس کو جہازوں کے ذریعے لے جانے کی  اہم ترین گزرگاہ ہے۔ اِس نہر کو بند کرنے کی اِس تجویز کو منظوری فردو، Natanz اور اصفحان میں ایران کی نیوکلیائی تنصیبات پر امریکی حملوں کے براہ راست جواب کے طور پر دی گئی ہے۔ پارلیمنٹ کا یہ فیصلہ جلد کسی امکانی کشیدگی کی عکاسی کرتا ہے جس سے عالمی اقتصادی افراتفری پیدا ہوجائے اگرچہ اِس سلسلے میں کوئی حتمی فیصلہ ایران کی سپریم قومی سلامتی کونسل پر منحصر ہے، جس نے اِس نہر کو بند کرنے کا ابھی تک کوئی باقاعدہ حکم جاری نہیں کیا ہے۔

امریکی وزیر خارنہ مارکو روبیو نے ایران کے اِس قدم کو اقتصادی خودکشی قرار دیتے ہوئے اِس کی فوری مذمت کی ہے اور خبردار کیا ہے کہ آبنائے ہُرمُز کو بند کرنے سے امریکہ اور اُس کی اتحادی فوجوں کی طرف سے کی جانے والی سخت کارروائی کو بڑھاوا ملے گا۔

انہوں نے چین سے فوری طور پر کہاہے کہ وہ آبنائے ہُرمُز کو بند کرنے سے روکنے کیلئے ایران کے ساتھ اپنے اثرو رسوخ کا استعمال کرے۔ بین الاقوامی مارکٹس میں تیل کی قیمتوں کے بڑھنے کا سلسلہ شروع ہوگیا ہے۔ تجزیہ کاروں نے پیش گوئی کی ہے کہ اگر آبنائے ہُرمُز بند کردی گئی تو یہ قیمتیں 100 ڈالر فی بیرل سے اوپر چلی جائیں گی۔

V/C Vinod Kumar

آبنائے ہُرمُز کے راستے عالمی سطح پر تیل کی تقریباً 20 فیصد برآمدات کی جاتی ہیں اور رقیق بنائی گئی قدرتی گیس کی عالمی سپلائی کا ایک بڑا حصہ بھی یہاں سے گزارا جاتاہے جس کی وجہ سے یہ نہر فوجی کارروائی کے اعتبار سے دنیا بھر میں سب سے اہم گزرگاہ ہے کیونکہ یہاں جہازوں کے گزرنے کی جگہ تنگ ہے۔ اِس کے بند ہونے کے اقتصادی اثرات محض توانائی کی مارکٹس تک محدود نہیں رہیں گے۔ ماہرین اقتصادیات نے خبردار کیا ہے کہ اگر آبنائے ہُرمُز کو پوری طرح بند کردیا گیا تو اِس کے اثرات عالمی افراط زر اور اقتصادی استحکام پر کافی زیادہ مرتب ہوں گے۔ ایشیا اور یوروپ میں بڑی معیشتوں کو، جو مغربی ایشیا سے حاصل کی جانے والی توانائی پر کافی زیادہ انحصار کرتی ہیں، سپلائی میں روکاٹوں کا سامنا کرنا پڑسکتا ہے۔

اگر خلیج فارس کے تیل کی درآمدات پر، چین کے بڑے پیمانے پر انحصار کو دیکھا جائے تو بحران کو ختم کرنے سے متعلق چین کے جواب کی کافی اہمیت ہے کیونکہ چین کو جانے والی یہ سپلائی آبنائے ہرمُز سے ہی گزرتی ہے۔ اگرچہ چینی حکام نے ابھی تک کوئی باقاعدہ بیان جاری نہیں کیا ہے لیکن امریکی سفارتکار اپنے ہم منصبوں پر زور دے رہے ہیں کہ اِس سے پہلے کہ صورتحال اور پیچیدہ ہوجائے، وہ ایران کی قیادت کے ساتھ بات چیت کریں۔ اسی دوران امریکی فوجی حکام نے اپنی فوجوں کو خطے میں کافی چوکنا کر رکھا ہے۔ خبروں کے مطابق امریکی محکمہئ دفاع پینٹا گن آبنائے ہُرمُز کو کھلا رکھنے کیلئے امکانی بحری ٹکراؤ کیلئے تیاری کر رہا ہے۔

دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں......

TRUMP IRAN REGIME CHANGE

امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ایران میں حکمرانی کی تبدیلی کے امکان کا اشارہ دیا ہے۔ انہوں نے ملک کو جدید شکل دینے کی، موجودہ قیادت کی اہلیت پر بھی سوال اٹھایا ہے۔

ایک سوشل میڈیا پلیٹ فارم پر ایک پوسٹ میں صدر ٹرمپ نے کہاکہ اگر موجودہ ایرانی حکومت، ایران کو ایک بار پھر شان و شوکت دلانے کی اہل نہیں ہے تو کیوں نہ اِس ملک میں حکومت کو تبدیل کردیا جائے؟

ایک الگ پوسٹ میں انہوں نے امریکہ کی فوجی کارکردگی کی، یہ کہتے ہوئے تعریف کی ہے کہ ایران میں نیوکلیائی تنصیبات کو پہنچایا گیا نقصان یادگاری ہے۔ x

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

OPERATION SINDHU RESCUE

امورِ خارجہ کے وزیر مملکت Pabitra Margherita نے کل رات ایران کے شہر مشہد سے ایک خصوصی پرواز کے ذریعے نئی دلی پہنچنے والے 285 بھارتی شہریوں کا خیرمقدم کیا۔ انہوں نے کہا کہ آپریشن سندھو کے

تحت اب تک ایران سے ایک ہزار 713 بھارتی شہریوں کو واپس لایا جا چکا ہے۔ انہوں نے بتایا کہ اگلے دو دن کے دوران ایران سے مزید 2 سے 3 پروازوں کے پہنچنے کا پروگرام ہے۔ جناب مارگریٹا نے مزید کہا کہ وزارت خارجہ ایران اور اسرائیل میں مقیم تمام بھارتی شہریوں سے لگاتار رابطے میں ہے۔

S/B Pabitra Megherita

جاری آپریشن سندھو کے ایک حصے کے طور پر، ایران میں بھارتی سفارت خانہ بڑی تعداد میں بھارتی شہریوں کو خطرے والے علاقوں سے ملک کے اندر نسبتاً محفوظ علاقوں میں منتقل کرنے اور انہیں بحفاظت نکالنے میں مدد فراہم کر رہا ہے۔ ایران میں مقیم بھارتی شہریوں کو مشورہ دیا گیا ہے کہ وہ ایمرجنسی ہیلپ لائن اور نئی دلی میں وزارت خارجہ کی جانب سے قائم کردہ 24 گھنٹے ساتوں دن کام کرنے والے کنٹرول روم کے ذریعے تہران میں بھارتی سفارتی خانے کے ساتھ رابطے میں رہیں۔

تہران میں بھارتی سفارت خانے کے ایمرجنسی ہیلپ لائن نمبرز ہیں:

پلس نو آٹھ نو ایک دو آٹھ ایک صفر نو ایک ایک پانچ

اور

پلس نو آٹھ نو ایک دو آٹھ ایک صفر نو ایک صفر نو

BYPOLLS COUNTING ASSEMBLY

چار ریاستوں میں پانچ اسمبلی سیٹوں کیلئے کرائے گئے ضمنی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی شروع ہوگئی ہے۔

گجرات میں وِسَاوْدَر اور کَڈّی حلقوں کے لیے گنتی کی جارہی ہے۔ کیرل کی Nilambur سیٹ، مغربی بنگال کی کالی گنج اور پنجاب میں لدھیانہ مغرب سیٹ کیلئے بھی ووٹوں کی گنتی جاری ہے۔ x

HARDEEP PURI WEST ASIA

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے کہا ہے کہ حکومت پچھلے دو ہفتے سے مغربی ایشیا میں پیدا ہونے والے جغرافیائی اور سیاسی حالات پر قریبی نظر رکھے ہوئے ہے۔

کل ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب پوری نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی قیادت میں حکومت نے گذشتہ چند برسوں کے دوران اپنی سپلائی کو متنوع بنایا ہے اور اب تیل کی سپلائی کا بڑا حصہ آبنائے ہرمز کے راستے نہیں آتا ہے۔

S/B Hardeep Singh Puri- Oil Price

PIB FACT CHECK

حکومت نے کئی سوشل میڈیا اکاؤنٹس پر کیے گئے ان دعوؤں کو خارج کیا ہے کہ آپریشن Midnight Hammer کے دوران امریکہ نے ایران کے خلاف فضائی حملے کے لیے بھارت کے فضائی حدود کا استعمال کیا تھا۔ پریس انفارمیشن بیورو کی حقائق کی جانچ کرنے والی یونٹ نے اس دعوے کو فرضی قرار دیا ہے اور کہا ہے کہ امریکہ نے حملے کے لیے بھارتی فضائی حدود کا استعمال نہیں کیا۔ اس نے مزید کہا کہ امریکی جوائنٹ چیفس آف اسٹاف کے چیئرمین جنرل Dan Caine حالیہ پریس بریفنگ کے دوران امریکی جہازوں کے ذریعے استعمال کیے گئے راستوں کی وضاحت کر چکے ہیں۔

SHAH CHHATTISGARH

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کل شام رائے پور میں نکسل ازم سے نمٹنے کے لیے ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔ اس میٹنگ میں بائیں بازو کی انتہا پسندی سے متاثرہ سات ریاستوں چھتیس گڑھ، آندھرا پردیش، تلنگانہ، مدھیہ پردیش، مہاراشٹر، جھارکھنڈ اور اڈیشہ کے ڈائرکٹر جنرل آف پولیس، ایڈیشنل ڈائرکٹر جنرل آف پولیس اور سینئر عہدیداروں نے شرکت کی۔ جناب شاہ نے اس بات کا اعادہ کیا کہ ملک اگلے سال 31 مارچ تک نکسل اِزم سے پاک ہوجائے گا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Vikalp Shukla

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے کہا کہ ہر سال برسات کے موسم میں آرام کرنے والے ماؤنواز اِس مانسون میں سکون سے نہیں سو پائیں گے کیونکہ ہماری سیکورٹی فورسز اپنی کارروائیاں جاری رکھیں گی۔ رائے پور میں نکسل ازم پر ایک جائزہ میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے مرکزی وزیر داخلہ نے کہا کہ ہماری سیکورٹی فورسز کی بہادری اور انٹیلی جنس ایجنسیوں کی وضع کردہ درست حکمت عملی کے سبب حکومت ملک کو نکسل اِزم کے مسئلے سے آزاد کرنے کا ہدف اگلے سال مارچ تک یقینی طور پر حاصل کرلے گی۔

جناب شاہ نے نکسل اِزم کے راستے پر بھٹکنے والے تمام نوجوانوں سے اپیل کی کہ وہ ہتھیار ڈال دیں اور چھتیس گڑھ حکومت کی ہتھیار ڈالنے کی پالیسی کا فائدہ اٹھائیں۔

انہوں نے کہا کہ مرکزی سرکار اور چھتیس گڑھ کی حکومت خودسپردگی کرنے والے ماؤنوازوں سے کیے گئے تمام وعدوں کو پورا کرے گی اور اِس سے بھی زیادہ مدد فراہم کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

رائے پور سے وکلپ شکلا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں..................

NATIONAL CONFERENCE

لوک سبھا اسپیکر اوم برلا آج ممبئی میں پارلیمنٹ اور ریاستوں، مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی قانون ساز اسمبلیوں کی تخمینہ کمیٹی کی قومی کانفرنس کا افتتاح کریں گے۔ وہ پارلیمنٹ کی تخمینہ کمیٹی کی 75ویں سالگرہ کی یادگار بھی جاری کریں گے۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے:

V/C Prarthna

مہاراشٹر کے وزیر اعلیٰ دیویندر فڑنویس اور بھارتی پارلیمنٹ کی تخمینے سے متعلق کمیٹی کے چیئرپرسن ڈاکٹر سنجے جیسوال، آج ممبئی میں پارلیمنٹ اور ریاستوں /مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی قانون ساز اسمبلیوں کی تخمینہ کمیٹی کی قومی کانفرنس کے افتتاحی اجلاس سے خطاب کرنے والے ہیں۔

دو روزہ کانفرنس کے دوران، پارلیمنٹ اور ریاستوں /مرکز کے زیر انتظام علاقوں کی قانون ساز اسمبلیوں کی تخمینہ کمیٹیوں کے چیئرپرسن اور ممبران، انتظامیہ میں کارکردگی کو بہتر اور معیشت کو یقینی بنانے کے لیے بجٹ تخمینوں کی موثر نگرانی اورجائزے کے عمل میں تخمینہ کمیٹی کا کردار کے موضوع پر غوروخوض کریں گے۔ مہاراشٹر کے گورنر، سی پی۔ رادھا کرشنن کل اجلاس کے آخری دن اختتامی خطاب کریں گے۔

ممبئی سے پرارتھنا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں.......

## IMD WEATHER

بھارت کے محکمہئ موسمیات IMD نے آج مشرقی راجستھان اور مغربی مدھیہ پردیش، ہماچل پردیش، اتراکھنڈ، گجرات، مدھیہ مہاراشٹر، ناگالینڈ، منی پور، آسام اور بہار میں الگ الگ مقامات پر شدید سے شدید ترین بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

محکمہ نے ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی، پنجاب، اترپردیش، جموں وکشمیر، لداخ، جھارکھنڈ، کیرالہ اور ماہے میں الگ الگ مقامات پر شدید بارش کی پیش گوئی کی ہے۔

موسمیات کے محکمے نے کہاہے کہ شمال مغربی ہندوستان میں 26 جون تک گرج چمک اور تیز ہواؤں کے ساتھ ہلکی اور اوسط بارش ہوسکتی ہے۔

جنوب مغربی مانسون، ہماچل پردیش، جموں وکشمیر، پنجاب کے کچھ حصوں اور پورے لداخ کے بیشتر مقامات پر پہنچ گیاہے۔ x

## RAJNATH PRESIDENT BOOK

وزیر دفاع راج ناتھ سنگھ آج شام نئی دلی میں ایک تقریب میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی تقریروں پر مشتمل کتاب Wings to Our Hopes جلد دوم جاری کریں گے۔

51 تقریروں پر مشتمل یہ مجموعہ صدر جمہوریہ کے دوسرے سال کے دوران اُن کے نظریے، فلسفے اور ترجیحات کو پیش کرتا ہے۔ اطلاعات و نشریات کے وزیر اشونی ویشنو اور وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مروگن بھی تقریب میں شرکت کریں گے۔x

## PARA BADMINTON MEDALS

بیڈمنٹن میں بھارتی کھلاڑیوں نے تھائی لینڈ میں منعقدہ ایشین پیرا بیڈمنٹن چمپئن شپ 2025 میں 27 تمغے جیتے ہیں، جس میں چار سونے کے، 10 چاندی اور 13 کانسے کے تمغے شامل ہیں۔ یہ ملک کی اب تک کی بہترین کارکردگی ہے۔ یہ چمپئن شپ اِس مہینے کی 17 سے 22 تاریخ تک تھائی لینڈ میں منعقد کی گئی تھی۔

بھارت نے مکسڈ، ڈبلز، SL3-SU5 مقابلے میں اپنا دبدبہ برقرار رکھتے ہوئے تینوں تمغے حاصل کرلیے ہیں، جس میں نتیش کمار اور تُلسی مَتھی مُرگیسن نے روتھِک رگھوپتی اور مانسی جوشی سے سیدھے سیٹوں میں جیت حاصل کرتے ہوئے سونے کا تمغہ جیتا جبکہ چراغ بَریتھا اور مندیپ کور نے کانسے کا تمغہ حاصل کیا۔x

## CRICKET

کرکٹ میں، اینڈرسن-تندولکر ٹرافی میں بھارت آج سہ پہر Headingley میں چوتھے دن 96 رن کی برتری کے ساتھ اپنی دوسری اننگ کی شروعات کرے گا۔ تیسرے دن کا کھیل، جو بارش کی وجہ سے روک دیا گیا تھا، اُس کے اختتام پر بھارت نے دو وکٹ پر 90 رن بنائے۔ کے ایل راہل 47 رن اور کپتان شبھمن گل 6 رن بناکر بلے بازی کر رہے تھے۔ x

## HOCKEY

ہاکی میں بھارت کی مردوں کی ٹیم نے گل Antwerp میں میزبان بیلجیئم کے خلاف چار-تین کی جیت کے ساتھ اپنے FIH پرولیگ 2024-25 مہم کا اختتام کیا۔ بیلجیئم پر بھارت کی شاندار جیت نے مردوں کی ہاکی ٹیم میں اُن کی ہار کے سلسلے کو ختم کردیا ہے۔ اِدھر بھارتی خواتین ہاکی ٹیم کو Antwerp میں میزبان بیلجیئم کے خلاف دو-صفر سے ہارنے کے بعد مسلسل چھٹی ہار کا سامنا کرنا پڑا۔ x

یہ تھی خبریں۔

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: کلیم احمد

شکریہ - اسلم

دلی سے شائع ہونے والے آج کے تقریباً سبھی اردو اخبارات نے ایران کی جوہری تنصیبات پر امریکی بمباری سے متعلق خبر کو صفحۂ اول پر شائع کیا ہے۔ اس سلسلے میں روزنامہ راشٹریہ سہارا نے وزیراعظم نریندر مودی اور ایران کے صدر مسعود پیزشکیان کے درمیان فون پر ہوئی بات چیت کو نمایاں کیا ہے۔ دورانِ گفتگو وزیراعظم نے حالیہ کشیدگی پر تشویش کا اظہار کیا اور زور دیا کہ طویل مدتی امن و سلامتی کے لیے کشیدگی میں کمی ناگزیر ہے۔ ایران کے صدر نے بھی کہا کہ علاقائی امن کی بحالی میں بھارت کی آواز بہت اہم ہے۔

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ نے نوا رائے پور میں واقع نیشنل فارونسک سائنس یونیورسٹی کے عارضی کیمپس کا ورچوئل طور پر افتتاح کیا۔ اِس حوالے سے روزنامہ پرتاپ نے وزیر داخلہ کے اُس بیان کو نمایاں کیا ہے جس میں انہوں نے کہا کہ آج چھتیس گڑھ کے لیے فوجداری نظامِ انصاف کو جدید اور سائنسی بنانے کی سمت میں ایک تاریخی دن ہے۔ اسی اخبارنے آنے والے بہار اسمبلی انتخابات سے پہلے ووٹر لسٹ کے جائزے اور تصدیق سے متعلق خبر کو نمایاں کرتے ہوئے لکھا ہے کہ بہار چناؤ سے پہلے الیکشن کمیشن ووٹر لسٹ کے گھر گھر جاکر جانچ کرائے گا۔ یہ اقدام انتخابی عمل کو مزید شفاف اور قابل اعتماد بنانے کے مقصد سے کیا جائے گا۔

روزنامہ انقلاب نے اپنے بین الاقوامی صفحے پر راجدھانی دمشق میں ہوئے خودکش حملے سے متعلق خبر کو نمایاں کرتے ہوئے لکھا ہے کہ چرچ میں خودکش حملہ، 15 افراد ہلاک۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- اقوام متحدہ کے سکریٹری جنرل انتونیو گوتریس نے ایران کی نیوکلیائی تنصیبات پر امریکی فوجی حملوں کے بعد مغربی ایشیا کے بحران کی شدت کو ختم کرنے کیلئے فوری کارروائی پر زور دیا ہے۔

2- ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی، روس کے صدر ولادیمیر پوتن کے ساتھ بات چیت کیلئے ماسکو پہنچ گئے ہیں۔

3- آپریشن سِندھو کے تحت 1800 سے زیادہ بھارتی باشندوں کو ایران اور اسرائیل سے نکالا جاچکا ہے۔

4- چار ریاستوں میں پانچ اسمبلی سیٹوں کیلئے کرائے گئے ضمنی انتخابات کے ووٹوں کی گنتی شروع ہوگئی ہے۔

5- اور تھائی لینڈ میں، ایشین پیرا بیڈمنٹن چمپئن شپ میں، بھارت نے ابھی تک کی بہترین کارکردگی کا مظاہرہ کیاہے۔ اُس نے 27 تمغے جیتے ہیں۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔